COMPLETE INSURANCE SERVICE
INCLUDING
LIFE, MORTGAGE PROTECTION,
R.R.S.P., HOME OWNERS,
COMMERCIAL AND AUTO

HAROON BHABHA
INSURANCE AGENCY

[illegible] YORK MILLS RD. STE. [illegible], DON MILLS [illegible]

Call 444 2072 OR 425 3146

MEMBER OF MUSLIM FRIENDS ASSOCIATION

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو کہ قرآن میں آیا ہے لاتقنطوا۔

THE MESSENGER
پندرہ روزہ
پیغامبر
اسکاربرو کینیڈا
مدیر: سہیل اختر

جلد ۵ | مئی ۸ ۱۹۸۱ء | شمارہ ۹

کلکتہ اور مغربی بنگال میں خونریز ہنگامے دس افراد ہلاک

مغربی بنگال میں اندرا کانگریس کی عام ہڑتال کی اپیل کے دوران بڑے پیمانے پر تشدد کی وارداتیں

فساد لوٹ مار اور سرکاری املاک نذر آتش کرنے پر تین سو افراد گرفتار

پولیس کے دستے پر بم پھینکا گیا: مخالف سیاسی گروپوں میں خونریز جھڑپیں

احمد آباد بڑودہ اور سورت میں پتھراؤ اور آتشزنی کے واقعات

[illegible]

روس کینیڈا کو ۳۰ لاکھ ڈالر کا معاوضہ ادا کریگا

[illegible]

پاکستان اور امریکہ کے اختلافات دور ہو رہے ہیں

ایٹمی پروگرام اب بہتر تعلقات کی راہ میں رکاوٹ نہیں رہا: نیویارک ٹائمز کی رپورٹ

[illegible]

امریکہ نے ایران کے خلاف اپنا دعویٰ واپس لے لیا

[illegible]

نصرت بھٹو اور بینظیر دہشت پسندانہ ذہنیت رکھتی ہیں: سردار قیوم

انہیں جمہوریت اور اعلیٰ اقدار سے کوئی لگاؤ نہیں: صحافیوں سے بات چیت

[illegible]

نظریہ پاکستان کے مخالف سرکاری افسروں کیخلاف کارروائی کیجائیگی

بعض ذمہ دار افسران ملکی استحکام کے منافی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں

[illegible]

برطانیہ میں تارکین وطن کے پاسپورٹ پر خفیہ نشانات لگانے کا انکشاف

ایشیائی باشندوں میں غم و غصہ کی لہر: کوڈ کے ذریعے تارکین وطن کے خاندانی حالات ریکارڈ کئے جاتے ہیں

[illegible]

مغربی جرمنی کی پہلی ٹیسٹ ٹیوب بے بی

[illegible]

بیرون ملک پاکستانیوں کی ترسیلات ۳ ارب ڈالر ہو جائینگی

[illegible]

برطانیہ میں فروغ اردو کیلئے پاکستان کا عطیہ

[illegible]

مسلم مہاجرین کی آمد روکی جائے

تھائی لینڈ کے حکام سے ملائیشیا کی درخواست

[illegible]

بھارتی سکے کی قیمت میں اضافہ

[illegible]

فکر انگیز اور منفرد تحریروں کا
گلدستہ

ماہنامہ
آواز
اسکاربرو

● ابن آدم پیش کرتے ہیں "ہوتا ہے شب و روز تماشہ مرے آگے"

مئی کے تیسرے ہفتے میں منظر عام پر آرہا ہے

ہر گھر کی آواز ——— ماہنامہ آواز

ONTARIO'S FISH TESTING PROGRAM



اونٹاریو جھیلوں کی مچھلی کے لئے مشہور ہے۔ اپنے مسلسل ریسرچ اور ٹسٹنگ پروگرام کے ذریعہ اونٹاریو کی حکومت ہمیشہ اس اہم ذریعہ کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ ۱۰۳۶ جھیلوں اور دریاؤں میں مچھلیوں کی ٹسٹنگ اختتام کو پہنچ چکی ہے۔

"GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH"

ان تجربات کے نتائج تین کتابچوں کی شکل میں شائع ہو چکے ہیں

"Guide to Eating Ontario Sport Fish" (Northern Ontario, Southern Ontario and Great Lakes editions).

NOW AVAILABLE FOR 1981

آپ اپنی کاپی درج ذیل وزارت کے نزدیکی دفاتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

THE ONTARIO MINISTRY OF THE ENVIRONMENT
THE ONTARIO MINISTRY OF NATURAL RESOURCES
THE ONTARIO MINISTRY OF NORTHERN AFFAIRS

Ministry of the Environment
HON. KEITH NORTON MINISTER

Ontario

Ministry of Natural Resources
HON. ALAN POPE MINISTER

INFORMATION SERVICES BRANCH
ONTARIO MINISTRY OF THE ENVIRONMENT
P.O. BOX 2700, TERMINAL "A", TORONTO, ONTARIO M5W 1H3

PLEASE SEND ME THE INDICATED BOOKLET "GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH"
☐ Northern Ontario ☐ Southern Ontario ☐ Great Lakes

INITIALS SURNAME

HOUSE/APT. NO. STREET NAME/R/R

CITY/TOWN

PROVINCE POSTAL CODE

ہماری تہذیب کے تابندہ نقوش — ابوالفضل ندوی

قاضی وقت نے بادشاہ کی گواہی مسترد کر دی

[illegible]

لیجئے، اس بار ہم آپ کے نہاں خانۂ قلب کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں، جہاں ایک ایسا روزن کھلتا ہے جس میں سے آیات و تجلیاتِ الٰہیہ اور روحانی و ملکوتی حقائق و اسرار کی کرنیں داخل ہوتی ہیں اور حیاتِ جسمانی کے خاکدانِ تاریک کو روشن کر دیتی ہیں۔ بشرطیکہ آدمی نے خود ہی اس روزن کو بند نہ کر رکھا ہو!

آپ کے دل کے دروازے پر دستک دیتے ہوئے ہمارے ہاتھوں میں ایک ایسا ارمغانِ محبت ہے، جس سے بہتر کوئی چیز اپنے عزیز ترین برادرانِ ملت و حلقۂ احبابِ انسانیت کی خدمت میں پیش کرنا ہماری استطاعت سے باہر ہے۔ یہ ہدیۂ اخلاص ہے قرآن۔

یہی کتاب ہمارے عروج و ترقی کا باعث بنی اور اسی کا حق ادا نہ کرنے کی پاداش ہم مدت سے دنیا کے گوشے گوشے میں بھگت رہے ہیں ———

اور اب وقت آگیا ہے کہ ہمارا بچہ بچہ اپنی پچھلی کوتاہیوں کی تلافی کرنے کیلئے عزمِ نو کے ساتھ اٹھ کھڑا ہو اور قرآن پاک کو مشعلِ راہ بنا کر اخلاقی و مادی دونوں طرح سے متوازن ترقی و کامرانی اور فلاح و سعادت کی راہ پر گامزن ہو

اپنے بچوں کو قرآن پڑھنے پر مجبور کیجئے

ہم آپ کے بچوں کو بلا معاوضہ قرآن پڑھانے کا عہد کیا ہے۔ خود بھی آئیے، اپنے بچوں کو بھی لائیے۔

MUSLIM FRIENDS ASSOCIATION 538 DANFORTH ROAD, SCARBOROUGH, ONTARIO, CANADA M1K 1C5
TEL. (416) 264-3850 (416) 267-8006

پندرہ روزہ
THE MESSENGER
پیغامبر
اسکاربرو کینیڈا
مدیر سہیل اختر

جہاں بینی میری فطرت ہے لیکن
کسی جمشید کا ساغر نہیں میں

بکری نہیں کتا

کہتے ہیں ایک مردِ ملتانی بازار سے بکری خرید کے اپنے گھر جا رہا تھا۔ جب وہ گاؤں کے قریب پہنچا تو ایک شخص نے کہا "میاں یہ نجس کتا تو کدھر لے جا رہا ہے، چھوڑ اسے"۔ ملتانی نے حیرت سے اسے دیکھا اور کہنے لگا "معلوم ہوتا ہے تجھے کم نظر آتا ہے، غور سے دیکھ یہ کتا ہے یا بکری؟" یہ کہہ کر وہ آگے بڑھ گیا مگر دل میں شک کا کانٹا اٹک آیا تھا گردن پھیر کر بکری کی طرف دیکھا اور جی میں کہا: "یہ تو بکری ہی ہے"۔ اسے کندھے پر اٹھا کر آگے بڑھا۔ کچھ فاصلہ پر ایک دوسرا شخص ملا، کہنے لگا "توبہ توبہ! کیا زمانہ آگیا ہے لوگوں میں پاکی، ناپاکی کا خیال بالکل جاتا رہا، کتے کا سا ناپاک جانور سر پر چڑھا رکھا ہے"۔ ملتانی نے رک کر پھر بکری کو دیکھا اور دل میں کہا "ضرور دال میں کچھ کالا ہے، ممکن ہے میں نے ہی دھوکا کھایا ہو اور کتے کو بکری سمجھ کر خرید لیا ہو"۔ کچھ ہی دور آگے گیا ہوگا کہ تیسرے شخص نے آواز لگائی: "اے بھائی، یہ کتا کتنے کو مول لیا؟ اگر زیادہ رقم دے آیا ہے تو گھاٹے میں رہا یہ کتا اچھی نسل کا نہیں ہے، اسے واپس کر آ"۔ اب تو ملتانی کے دل میں رہا سہا شبہ جو تھا وہ بھی جاتا رہا، بکری کو پٹخا اور خود ندی میں کود گیا تاکہ پاک صاف ہو کر گھر جا سکے۔ اِدھر تینوں ٹھگ بکری کو لیکر چلتے بنے ——— آج کسی ملتانی کو نہیں بلکہ تمام اہلِ پاکستان کو مایوسی اور بے یقینی میں مبتلا کیا جا رہا ہے۔ انسان بے یقینی سے جلد مر جاتا ہے۔ یہ کون لوگ ہیں جو دانستہ یا غیر دانستہ قوم کی شکست و ریخت کے درپے ہیں؟ ایک تو ہماری قوم کے مزاج ہی میں یاسیت کا عنصر مختلف تہذیبی اور نفسیاتی وجوہ سے غالب آگیا ہے پھر کچھ عناصر ایک منصوبہ کے تحت پژمردگی کے پیامبر بنے ہوئے ہیں۔ انہیں اپنی ذات کے اجزا کی طرح خام ہو کر پاکستان بکھرتا نظر آتا ہے ——— پاکستان بکھرنے کیلئے نہیں بنا، البتہ ہم خود ہی بکھر جائیں گے۔ خاصفین کے گروہ سے نکلئے اور اس قوت میں اضافہ کیجئے جو پورے خلوص اور ساری توانائیوں کے ساتھ پاکستان کے دفاع اور اسلام کی سربلندی کیلئے سر دھڑ کی بازی لگانے کیلئے تیار ہیں۔

سعید ویڈیو رینٹل اینڈ سروس
ہندوستان کی نئی فلمیں گھر بیٹھے دیکھیے
پیر تا جمعہ کسی بھی ایک فلم کا کرایہ صرف دس ڈالر
ہفتہ اور اتوار کیلئے صرف پندرہ ڈالر
اپنی پسندیدہ فلمیں آج ہی بک کرائیے
فون نمبر 292-0033
1350 KENNEDY ROAD
PHONE 292 0033

شعلِ ہدایت

والٹیر

۲۱ نومبر ۱۶۹۴ء میں پیرس میں پیدا ہوئے۔ ۱۷۲۸ء میں مذہبی آزاد خیال کے الزام میں جلاوطن ہو کر انگلستان چلے گئے۔ انہوں نے ادب کی ہر صنف میں طبع آزمائی کی۔ ۳۰ مئی ۱۷۷۸ء کو پیرس میں ہی انتقال ہوا۔

○

○ ہر ناکامی اپنے دامن میں کامرانی کا پھول لئے ہے۔ شرط یہ ہے کہ ہم کانٹوں میں الجھ کر نہ رہ جائیں۔

○ ایسا طریق تعلیم کس کام کا جو لڑکوں کو روزی کمانا سکھاتا ہے لیکن سلیقہ سے زندگی بسر کرنا نہیں سکھاتا۔

○ محنت ہمیں تین بڑی خرابیوں سے بچائے رکھتی ہے۔ بے لطفی، بدی اور احتیاج ضمیر سے۔

○ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ! دشمنوں سے بچنے کا انتظام میں خود کر لونگا۔

○ نیکی کرنا میری عبادت ہے اور خدا کے سامنے جھک جانا میرا مذہب!

○ بدی کے مواقع دن میں سو بار ملتے ہیں لیکن نیکی کرنے کا موقع سال میں صرف ایک بار آتا ہے۔

○ زندگی کی مصیبتیں کم کرنا چاہتے ہو تو زیادہ سے زیادہ مشغول و معروف رہو۔

○ اپنی اصلاح سب سے مشکل کام ہے اور دوسروں پر نکتہ چینی سب سے آسان کام۔

○ عافیت اور امن درکار ہے تو آنکھ اور کان سے زیادہ کام لو اور زبان بند رکھو۔

○ آدمی کا بہترین معلم تجربہ ہے اور زندگی کی ٹھوکریں اعلیٰ ذریعۂ تعلیم۔

○ جو دوسروں کی ادب نہیں کرتا، اس کا ادب بھی نہیں کیا جاتا۔

سچی باتیں

(از مولانا عبد الماجد دریابادی مرحوم)

مشرق کے ایک شہر میں ایک انگریز مقیم ہے۔ ملازم کو حکم ہے کہ سودا جس قدر بھی آیا کرے گا، شہر کی فلاں انگریزی دوکان سے آیا کرے گا۔ بات ہو گئی۔ مہینوں کے بعد صاحب نے حساب کی جانچ کی تو ابھی معلوم ہوا کہ مہینہ بھر بچت ہوئی ہے اور وہ بھی کچھ تھوڑی نہیں، اچھی خاصی عشرہ پونڈ کی! آقا نے حیرت سے ملازم کی طرف دیکھا۔ ملازم نے عرض کیا "اگلے مہینے سے کہ اُس انگریزی دکان سے بندہ کے ایک مسلمان دوکان سے کھول لیا ہے۔ یہ کفایت اس سے ہوئی"۔ لیکن میرا حکم تو اسی انگریزی دوکان کے لیے تھا۔ ملازم نے دوبارہ ہمت کرکے کہا "مگر سرکار اس میں اور اس میں تو عشرہ پونڈ کا فرق پڑ جائے گا"۔ آقا نے آخری اور انقطاعی لہجہ میں فرمایا "کوئی پروا کی بات نہیں"۔ عشرہ پونڈ ہو یا جو کچھ ہو سودا آئندہ وہیں سے آئے گا ——— واقعہ شام کے مشہور لیڈر امیر شکیب ارسلان نے اپنی تازہ کتاب میں نقل کیا ہے، جو عالمِ اسلامی کے اسباب زوال پر ہے اور جس کا ترجمہ OUR DECLINE & ITS CAUSES کے نام سے ابھی لاہور کے مشہور انگریزی ناشر شیخ محمد اشرف کے ہاں سے نکلا ہے!

فلسطین میں عربوں پر جو ظلم یہود کے ہاتھوں ڈھائے جا رہے ہیں ان کی داستان آپ کی نظر سے بارہا گزری ہوگی اور عجب نہیں کہ آپ کا دل بھی متاثر ہوا ہو۔ دنیا میں یہود کی آبادی کل دو کروڑ ہے۔ اور مسلمانوں کی آبادی، ہلکے تخمینہ کے مطابق بھی ۴۰ کروڑ، اور ان میں سے کوئی ۱/۲ ۲ کروڑ تو فلسطین ہی کے مضافات و ملحقات، شام، مصر، عراق، حجاز وغیرہ میں آباد ہیں۔ چندہ کی ضرورت یہود کو ہوئی اور دم بھر میں یہود فلسطین کے لیے چندہ ۱۰ لاکھ پونڈ کا فراہم ہو گیا! ادھر مسلمانوں نے بھی اپنے بھائیوں کے لیے اپیل شائع کی۔ جمع شدہ رقم کی میزان آپ سمجھیں گے؟ کل سوا ہزار پونڈ! یعنی یہود کے چندہ سے کوئی گنا زائد نہیں برابر بھی نہیں بلکہ ایک ہزار کے مقابلہ میں تیرہ! حالانکہ اگر صرف نواح فلسطین ہی کی اسلامی آبادی اس میں شریک ہوتی اور فی کس ایک ٹرنٹ کی شریک ہوتی، جب بھی ان کے چندہ کی میزان ۳۵ لاکھ پاؤنڈ تو ہو ہی جاتی! بلکہ سب نہ سہی، سو میں نوے سہی، صرف ۱۰ فی صدی آبادی اس حقیر رقم کے ساتھ شریک ہوتی جب بھی میزان ۳۵ ہزار پونڈ تک تو پہنچ ہی جاتی! ——— یہ واقعات دو، دو بھی تحریر موصوفی ہی کی کتاب سے ماخوذ ہیں۔

واقعات اِکّے دُکّے اور نادر نہیں، اور نہ کسی خاص خطہ یا علاقہ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ یورپی کی سیرت و کردار کے نمونے ہیں اور عرب و ہندوستان، مصر و چین، ایران و مراقش سب جگہ کی "اسلامی قومیت" کے ترجمان ہیں۔ جان دینے، موت کی ہمت، اور جہاد بالنفس کا ذکر نہیں، ذکر صرف مالی ایثار، جہاد بالمال کا ہے۔ جس قوم کا معیار اس باب میں اتنا پست ہو چکا ہو اسے کیا حق دنیا میں حکومت کرنے کا ہے؟ حکومت کو بھی چھوڑیئے، کیا حق دنیا میں عزت و سربلندی، خودداری کے ساتھ رہنے کا ہے؟ کیونکر آخر وہ مقابلہ ان گوری قوموں کا کر سکتی ہے جن کے ہاں ذاتی نفع کے کوئی معنی ہی نہیں، جن کے ہاں ہر نفع ہر نقصان تمام تر قومی ہے۔ نفع اور قومی ہی نقصان ہے۔ وہ سودا گراں سے گراں خریدتے، لیکن اپنے ہی بھائی کی دوکان سے۔ پیسہ سے اپنی جیب خالی کریں گے تاکہ اپنی قوم کی جیبیں بھریں! ایسے شخص سے اس بے غیرت مسلمان کو کیا نسبت، جو اپنی ترقی کا کمال اور اپنی روشن خیالی کی انتہا یہی سمجھے ہو کہ زیادہ سے زیادہ غیروں کا فیشن اختیار کرے زیادہ سے زیادہ دوسروں کی نقالی کر سکے ——— عقلی دو وہ بھی ایمان کی برکت اگر کافی ہوتی، تو قرآن مجید عمل صالح کی تاکید سے کیوں بھرا ہوا ہوتا؟ اور صحابہؓ اپنی اخلاقی، عملی، برتری کا ثبوت قدم قدم پر کیوں دیتے ہوئے ہوتے؟

You belong to Canada



...and Canada belongs to you

کینیڈا آپ کا ملک ہے۔ ہر صوبہ، ہر شہر اور ہر دیہات۔ مشرق میں بحر اوقیانوس کے صوبے،
چاروں دلکش اعلیٰ قومی علاقے، اور مغرب میں سر بفلک چٹانیں۔ اعلیٰ قدرتی حسن کی
سرزمین، پرزیب اور مہربان، مختلف مدارج کی تعطیلات کے تجربے مہیا کرتی ہوئی جو
کوئی اور ملک نہیں پیش کر سکتا۔

اس سال اپنے کینیڈا کے کسی دوسرے حصے کے بارے میں جانئے۔ اپنے پرانے وطن
کے اپنے دوست احباب اور رشتہ داروں کو مدعو کیجئے تاکہ وہ یہاں آکر آپکی خوشیوں اور
آپ کے احساس فخر میں شریک ہو سکیں۔

Canadä
So much to go for.

Canadian Government Office of Tourism | Office de tourisme du Canada

قرآن اور آپ کا گھر

کیا آپ کے گھر میں قرآن پڑھا جاتا ہے؟

بالغ افراد میں سے کتنے ہیں جو قرآن پڑھتے ہیں؟

کیا بچوں کو قرآنی قصص و واقعات سنائے جاتے ہیں؟

کیا گھر میں قرآن کی آیات اور احکام پر باتیں ہوتی ہیں؟

بڑوں اور بچوں کو قرآن میں سے کیا کچھ یاد ہے؟

بڑوں اور بچوں میں سے قرآن کا مفہوم سمجھنے یا ترجمہ جاننے والا بھی کوئی ہے؟

کیا گھر میں قرآن کو سمجھنے کیلئے ترجمے یا تفسیریں وغیرہ موجود ہیں؟

کیا قرآنی آیات یا ان کے تراجم کے کتبے دیواروں پر آویزاں ہیں۔

کیا گھر کے مرد یا خواتین کسی حلقۂ درس قرآن میں حصہ لیتی ہیں؟

محض آپ کے غور و خوض کیلئے

سات چیزیں جو ایمان کو سلب کر لیتی ہیں!

ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

ایمان ہی اسلام یا دین کی بنیاد ہے اور ایمان نہ رہے تو انسان کا دین بھی نہیں رہتا، اور دین نہ رہے تو وہ مومن بھی نہیں رہتا۔ فرد و ملت کی زندگی میں قوت و توانائی ایمان ہی کی بدولت پیدا ہوتی ہے ایمان نہ صرف گھٹتا بڑھتا رہتا ہے بلکہ وہ زندہ ہوتا اور مرتا بھی رہتا ہے۔ وہ کیوں مرتا ہے یا اس کو کونسی چیزیں ہلاک کرتی ہیں؟ یہ بڑا ہی اہم سوال ہے پیغمبر اعظم و آخر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی مندرجہ ذیل حدیث میں اس کا جواب دیا ہے جسے بخاری و مسلم نے نقل کیا ہے اور اس کے راوی حضرت ابوہریرہؓ ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سات مہلک یا ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچو! حاضرین نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کونسی چیزیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: (۱) اللہ کے ساتھ شرک کرنا (۲) جادو کرنا (۳) کسی شخص کو قتل کرنا جس کو ہلاک کرنے سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے، بجز از روئے شریعت (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) جنگ کے وقت پشت دکھانا (یعنی فرار ہو جانا) یا میدان سے بھاگ جانا، اور (۷) پاک دامن مومن عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا۔

ان سات چیزوں کی جو اسلام میں کبیرہ گناہ ہیں، کتاب و سنت کی روشنی میں وضاحت کی جاتی ہے:

۱۔ شرک باللہ

اس کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ کی صفات و ذات اور عبادت میں کسی اور ہستی کو شریک ٹھہرانا۔ عیسائیوں کا عقیدہ ابنیت شرک کی ایک واضح صورت ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا مانتے ہیں اللہ تعالیٰ نے سورۂ اخلاص میں ابنیت کے ساتھ ثنویت و تثلیث کے عقائد کا بھی واشگاف الفاظ میں بطلان کیا ہے: ارشاد ہوتا ہے: "وہ اللہ یکتا ہے اللہ سب سے مستغنی ہے اور سب اس کے محتاج ہیں۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے" (سورۂ اخلاص ۱۱۲: ۱تا۴)

موجودہ دور میں شرک کی دو نئی صورتیں بڑی مقبول ہیں: ایک یہ کہ لوگ بعض مادی و الحادی نظریات پر اس طرح اعتقاد رکھتے ہیں جس طرح وہ احکام الٰہی ہوں۔ وہ اپنے مفکرین کو انبیاء علیہم السلام پر اور ان کے افکار کو کلام الٰہی پر ترجیح دیتے ہیں علاوہ ازیں ان میں اکثر پھر بھی اپنے آپ کو مسلمان کہتے اور سمجھتے ہیں۔ شرک کی دوسری صورت یہ ہے کہ لوگ وقت کے فرعونوں، ظالموں اور قاتلوں کو اپنا الٰہ و رب بنا لیتے ہیں اور ان کے اس طرح غلام بنے رہتے ہیں کہ ان کو کچھ نہیں گردانتے۔

اللہ تعالیٰ کے نزدیک شرک ظلم عظیم ہے اس لئے اس نے اس سے منع کیا ہے (لقمان ۳۱: ۱۳) اور اسے ناقابل معافی جرم قرار دیا ہے (النساء ۴: ۱۱۶) اور مشرک پر جنت حرام کر دی گئی ہے (المائدہ ۵: ۷۲) کیونکہ اس وجہ سے بھی کہ جنت پاکیزہ لوگوں کے لئے ہے، گندگی اور مشرک نجس ہوتے ہیں (التوبہ ۹: ۲۸)

۲۔ سحر یا جادو کرنا

تمدنیاً غالباً ہے کہ انسان پر ایک ایسا دور بھی گزرا ہے جسے عہد سحر کہا جاتا ہے۔ اس دور میں لوگ جادو کے ذریعے مافوق الفطرت قوتوں کو مسخر کرنے کی کوشش کرتے تھے مثلاً لوگ بیماری اور موت پر قابو پانے، بارش لانے یا بند کرنے، دشمنوں کو زیر کرنے، کسی محبوب کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے یا اس کے دل کو تسخیر کرنے، مرادیں بر لانے وغیرہ کے لئے پیشہ ور ساحروں کے پاس جاتے اور وہ جادو کرتے۔ آج کے سائنسی دور میں بھی ایسے ساحر یا عامل موجود ہیں جو منتروں، وظیفوں، جھاڑ پھونک، تعویز گنڈوں وغیرہ کے ذریعے لوگوں کی مرادیں بر لانے کے دعوے دار ہیں اور لوگ ان کے دام فریب میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اسلام کی رو سے یہ سب شیطانی عمل ہیں جو ایمان کو سلب کر لیتے ہیں، لہٰذا ان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہیے (الفلق ۱۱۳: ۴)

۳۔ قتل نفس

کسی بات پر بیشتر یا عمداً کسی کی جان لینا سب سے بڑا [illegible] انسان ہی بہتر [illegible] اپنی تخلیقات میں [illegible] اس طرح گویا اس نے [illegible] اللہ تعالیٰ کی [illegible] لہٰذا جو شخص اس کا کسی [illegible] کرتا ہے [illegible] نے کتنا بڑا ظلم و جرم کیا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کی اس دنیا میں حسین ترین مخلوق ہے اور وہ اشرف المخلوقات بھی ہے، کیونکہ سب کو بنیادی طور پر انسان کے لئے بنایا گیا ہے، لہٰذا کسی ایک فرد بشر کا قتل اللہ تعالیٰ کی نظر میں تمام افراد نسل انسانی کے قتل کے مترادف ہے۔ (المائدہ ۵: ۳۲)

۴۔ سود کھانا

اسلام نے سود کو حرام قرار دیا ہے، اس لئے کہ سود انسان کے دل سے ہمدردی و غم خواری، عدل و احسان، جود و کرم اور ایثار و قربانی کے جذبات نکال دیتا ہے۔ اس کے نتائج انسان کے حق میں ہلاکت خیز ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ سود خور کا ٹھکانہ آخرت میں دوزخ میں ہوگا۔ (البقرہ ۲: ۲۷۵)

۵۔ یتیم کا مال کھانا

اسلام میں حرام کھانا ایسا ہے جیسے اپنے پیٹوں میں آگ بھرنا (البقرہ ۲: ۱۷۴) ایسے لوگوں کی سب سے بڑی محرومی یہ ہوگی کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان سے بات نہیں کرے گا، دوسرے ان کا تزکیہ نہیں کرے گا، اور وہ ہمیشہ نجس ہی رہیں گے اس لحاظ سے جنت میں جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔ تیسرے انہیں دردناک عذاب میں زندگی گزارنی ہوگی (البقرہ ۲: ۱۷۴) جو لوگ یتیموں کا مال ہضم کر جاتے ہیں ان کے متعلق قرآن مجید کا فتویٰ یہ ہے "جو لوگ ظلم سے یتیموں کا مال و دولت کھاتے ہیں وہ دراصل اپنے پیٹ آگ سے بھرتے ہیں، اور وہ ضرور جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونکے جائیں گے" (النساء ۴: ۱۰)

۶۔ جنگ میں پیٹھ دکھانا

باطل قوتوں کے مقابلے میں جان پر کھیل جانا اور ہر حال میں ثابت قدم رہنا ایمان کا تقاضا ہے۔ اس سے مستنبط ہوا کہ جو شخص مومنوں کی صفوں میں ہو اور ثابت قدم نہ رہے، اور جنگ کے وقت پیٹھ دکھائے وہ مومن نہیں رہتا۔ اسی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دشمن کو پشت دکھانے سے ایمان سلب ہو جاتا ہے

۷۔ مومن و پاکدامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا

گھر انسانی معاشرے کا سنگ بنیاد ہے۔ گھروں سے خاندان بنتے ہیں اور خاندان مل کر معاشرے کی تشکیل کرتے ہیں۔ گھر کی اندرونی زندگی کی اسی غیر معمولی اہمیت کی بنا پر اسلام نے اس کی حفاظت کا ہر ممکن بندوبست کیا ہے۔ احادیث طیبہ سے ثابت ہے کہ ابلیس کا سب سے بڑا کارنامہ میاں بیوی میں پھوٹ ڈالنا اور منافرت پیدا کرنا ہے تاکہ گھر برباد ہو جائے۔ گھروں کی بربادی بالآخر معاشرے کی بربادی پر منتج ہوتی ہے گھر کی بربادی کا سب سے بڑا سبب شوہر کے دل میں عورت کی پاکدامنی کے متعلق شکوک و شبہات کا پیدا ہو جانا ہے یہ شکوک و شبہات عموماً بہتان کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے پاکدامن مومن عورتوں پر بہتان لگانا انتہائی سنگین جرم ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "جو لوگ پاکدامن، بے خبر، بھولی بھالی ایماندار عورتوں پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں ان پر اس دنیا اور آخرت دونوں میں لعنت ہے اور ان کے لئے عذاب عظیم ہے۔" (النور ۲۴: ۲۳)

[redacted]

سکائی لیب

کسی بھی امریکی ایجاد کو اتنی شہرت حاصل نہیں ہوئی جتنی پچھلے دنوں میں سکائی لیب کو حاصل ہوئی ہے مختلف لوگوں نے اس پر مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے عبادت گاہوں میں اس مصیبت سے نجات پانے کے لیے دعائیں مانگی گئیں۔ اس روز آسمان پر بادل تھے، چند خواتین نے اسے سکائی لیب کا دھواں قرار دیا۔ دو خواتین لڑ رہی تھیں۔ ایک نے کہا تجھ پر سکائی لیب گرے دوسری [illegible] جیت سنگھ کے ہاں اس روز بچہ پیدا ہوا تو اس کا نام سکائی لیب سنگھ رکھ دیا گیا۔ امریکہ میں سکائی لیب کے اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے ایک مرہم (اسکائی گریس) بہت فروخت ہوا۔ سری لنکا میں ڈاکٹروں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں۔ انڈونیشیا کے نجومی چند بڑے عالم تھے کہ ان کے سر پر ٹکڑے گرنے کا کوئی احتمال نہیں۔ مگر چند بزرگوں نے تو سرے سے اس بات کو تسلیم ہی نہیں کیا کہ سکائی لیب کا کوئی وجود بھی تھا۔ یہ صرف امریکہ کی روایتی دہشت گردی ہے۔

ع ناطقہ سر بگریباں ہے

(مرسلہ: ہارون الرشید تبسم، سرگودھا)

[redacted]

۴ مئی کو حلقۂ ادب اسکالر برو کے زیر اہتمام ٹیپو شہید کی ۱۸۲ ویں برسی منائی گئی

ٹیپو شہید

جنگِ آزادی کا پہلا ہیرو

رزاق اسمٰعیل

"ہندوستان ہندوستانیوں کے لئے ہے" برصغیر میں پہلی بار یہ نعرہ لگانے والا شخص فتح علی ٹیپو سلطان بچپن ہی سے جری، دلیر اور صاحب لیاقت تھا۔ اس نے فنون سپہ گری، شمشیر زنی، تیر افگنی، نیزہ بازی اور تیراکی میں مہارت حاصل کر لی تھی۔ اور سن بلوغت کو پہنچتے پہنچتے ٹیپو سلطان عرب و ایران کے آداب اور رزم کے انگریزی طریقوں سے بھی واقف ہو چکا تھا اور اس کی ساری زندگی انگریزوں سے برسر پیکار رہتے ہوئے ہی گزر گئی۔

ٹیپو سلطان پہلی بار فوجی حیثیت سے ۱۷۶۵ء میں سامنے آیا جب وہ اپنے والد حیدر علی کے ساتھ مالابار پر حملہ آور ہوا۔ جہاں اس نے تین ہزار سپاہیوں کے ساتھ دشمن کے ایک بڑے لشکر کو حراست میں لے لیا تھا۔ حیدر علی نے اسے اپنی محافظ فوج میں شامل کر لیا پھر سلطان نے پہلی بار ۱۷ سال کی عمر میں ۱۷۶۷ء میں حیدر علی کا افسر اعلیٰ بن کر مدراس پر حملہ کیا۔

۱۰ ستمبر ۱۷۸۰ء کو پہلی پر ... کے قریب سلطان کی فوج ...

... تھے خود ہی اس میں پھنس کر رہ گئے۔

اس وقت لارڈ کارنوالس ہندوستان کا گورنر جنرل تھا۔ اس نے اندازہ لگایا کہ ٹیپو سلطان کو شکست دیئے بغیر انگریزی حکومت کے قیام کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ وہ مرہٹوں اور نظام حیدر آباد سے مل چکا تھا اور یہ دونوں بھی سلطان کے خلاف تھے اس کے باوجود بھی وہ مایوس تھا۔ اس لئے اس نے کرنل ... کو سلطان کے وزیروں، افسروں اور عمال میں سازش کرنے کے لئے بھیجا۔ اور یہ چال اس قدر کامیاب ہوئی کہ فروری ۱۷۹۱ء میں کارنوالس نے فوج کی کمان سنبھالی اور سلطان کو پے در پے شکستوں کا سامنا کرنا پڑا اور مئی میں کارنوالس نے بنگلور فتح کر لیا اور سلطان کو سرنگا پٹم میں محصور ہونا پڑا اور اسے صلح پر مجبور ہونا پڑا۔

انگریزوں، مرہٹوں اور نظام نے بطور تاوان جنگ سلطان سے اس کی نصف سلطنت، تین کروڑ تیس لاکھ ... کی رقم اور تمام اسیروں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ یہ سخت شرائط بحالت مجبوری سلطان کو منظور کرنی پڑیں مگر اس غداری نے سلطنت کی جڑیں ہلا دیں۔

دنیا کا پہلا ڈیم

ایک داستانِ پارینہ جس سے آنے والی نسلیں درسِ عبرت حاصل کرتی رہیں گی!

سید عمار جعفری

انسان کے دستِ ہنر نے تعمیرات کے ایسے چراغ روشن کئے ...

خواتین پر مجرمانہ حملے بھارت میں معمول بن گئے

—— [illegible]

[illegible]

زیبائش عورت کی فطرت

ذہینہ کنول احسن

[illegible]

Is everybody ready?
Ontario Place opens this Thursday!



یہ درست ہے! پوری موسم گرما، دلچسپیوں سے بھرپور، سرور و شوخ اور قوت واہمہ لئے ہوئے اس جمعرات یعنی ۱۴ مئی کو اونٹاریو پلیس میں جلوہ نما ہو رہا ہے۔ مزید سرگرمیاں؟ بے شمار۔

کھلے آسمان تلے، مئی ۱۵ بروز جمعہ ۸½ بجے شام the Good Brothers موسیقی کے فن کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ہفتہ کو ۲ بجے اور ۸½ بجے شام اسٹیج پر Dionne Warwick کو دیکھئے۔ اتوار کو ۲ بجے اور ۸½ بجے شام The Rovers in Concert دو شو پیش کر رہے ہیں۔ پیر کو ۸ بجے شام Hagood Hardy and the concert Orchestra اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ اس کے بعد ۹ بجکر ۵۰ منٹ پر ہمارے پُر قوت "فائر ورک" کا مظاہرہ ہوگا۔

اب شمالی اونٹاریو دیکھنے اور محسوس کرنے کی جگہ ہے۔ جس کی خوبصورتی اور دلچسپیوں کا اندازہ شمالی جزیرے پر ۹ ہیولین کو دیکھ کر ہوتا ہے۔

بمپر بوٹ تیار ہیں۔ پیڈل بوٹ ہیں۔ تھیٹر، ریسٹورنٹ، رولر رنک بھی تیار ہو چکے ہیں۔ حقیقت میں ۱۹۸۱ء کیلئے وہ سب کچھ تیار کئے جا چکے ہیں (کچھ نئی دلچسپیاں ہیں) جن کیلئے آپ اونٹاریو پلیس میں آتے ہیں اور دلچسپیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

آپ کے اپنے بارے میں کیا خیال ہے۔

Starting May 14th.
It's all yours.

ontario place

955 Lakeshore Blvd. West, Toronto, Ontario, Canada. M6K 3B9. (416) 965-7711.
A Crown Corporation of the Government of Ontario. Ministry of Industry and Tourism, Hon. Larry Grossman, Minister.

موٹاپا

مسز عطاء اللہ

بلڈ پریشر اور عوارض قلب کی علامت ہے

[illegible]

خوشی یہی ہے ہماری کہ مطمئن ہوں آپ

THIS WEEK'S SPECIAL

BEEF

?

Fresh Spring Lamb

Grade A Chickens

ھاؤس آف حلال میٹ

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Please Call **ISMAIL** *At* **461 2839**

Phones:
6307393
3640750

مکمل تفصیلات کیلیے
محض چند یوم انتظار!

---

*ELECTRIC MAINTANCE *HOME INSTALATIONS *REPAIRS *WIRING

ELECTRIC DOOR OPERATORS

CONVENIENCE — SECURITY

- DEPENDABLE CHAIN DRIVE
- AUTOMATIC LIGHT DELAY

- 1/3 H.P. OPERATORS
- AUTOMATIC SAFETY REVERSE

BASEMENT
*NEW
*RENOVATIONS
* REPAIRS
*ALTERATIONS
*PLUMBING

THERMAL
Replacement Windows

Double or triple glazed

- 4" Aluminum Frame
- Vinyl Thermal Break
- Styrofoam Insulation
- 1¼" Thick Thermal Glass
- Removable Sliders
- Insect Screen
- Easy Cleaning
- Maintenance Free
- One Day Installation
- Cut Fuel Bills
- Any Size or Design

We remove your old windows, install custom fitted Thermo Windows. We cap existing wood frames with enamelled aluminum.
Also:
Storm windows & doors, soffit & fascia, siding, eavestroughs, roofs.

ES

Home Improvements by
EVERSHINE HOME IMPROVEMENT CO.
Azhar Shaikh
538 DANFORTH ROAD,
SCARBOROUGH M1K 1G6
TELEPHONE
Res. 265-3408 Ofc. 264-3850

MEMBER OF THE BETTER BUSINESS BUREAU

IN HAMILTON

SEE T.V. PROGRAM
"VOICE OF PAKISTAN"
EVERY SUNDAY
AT 2:30 P.M. ON CABLE 4
Every Tuesday & Wednesday on Cable 10 in Burlington at 8:30 p.m.
Every Friday on Cable 10 in Stoney Creek at 9:15 a.m. and 7:00 p.m.

ALSO TUNE IN ON
"TOPS OF THE EAST"
AT CFMU-FM 93.3 RADIO
AT 8:30 A.M. EVERY SATURDAY MORNING
YOUR HOST
BASHIR A. KHAN

FOR INFORMATION CALL:
(416) 561-2431
P.O. BOX 6212, STATION "F"
HAMILTON, ONT. L9C 5S3

FORTNIGHTLY
MESSENGER
P.O.Box 2114
Postal Station B
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5
PHONE (416) 267-8006
EDITOR & PUBLISHER: SOHAIL AKHTAR
MAY. 07/ 1981

Okadia Accounting
PROVIDING: SERVICE
• Accounting Service • Full Set of Books • Income Tax
• Trial Balance • Financial Statements
by Professional Accountant
CALL: Mr. Abid Okadia BUS. 752-6090 RES. 423-2539
1871-A LAWRENCE AVE. E. Second floor
MEMBER OF MUSLIM FRIENDS ASSOCIATION

Flying tackle ends thief's timely run

A parking control officer helped capture a 15-year-old youth trying to flee with two watches worth $19,200, following a smash-and-grab theft at a downtown jewelry store yesterday.

Mohammad Kaiser was driving on Spadina Ave. just south of Dundas St. when he spotted a man chasing a youth clad in a jogging suit.

Kaiser joined in and ended the chase when he brought the youth down with a flying tackle in a parking lot at Grange Ave. and Cameron St.

Police said store clerk Simon Chow, 25, had followed the youth after the front window of David's Jewelry and Watch Company on Dundas St. was shattered with a hammer and two watches stolen.

Chow flagged down Kaiser's car and alerted him the youth was wanted for the smash-and-grab theft.

"I didn't have a gun or handcuffs, but I thought I'd see what I could do," said Kaiser.

The two men struggled to overpower the suspect while Kaiser called for help over his police radio.

Kaiser injured his left elbow during the struggle and an examination at Toronto Western Hospital showed it was severely bruised, but not broken.

Chow wasn't hurt and the watches were recovered.

The suspect, who cannot be named because he's a juvenile, faces charges of theft, possession of stolen property and assault with intent to resist arrest.

Jill Sandford, sun

MOHAMMAD KAISER, parking control officer, helped clerk nab youth in connection with a theft.

Iranian women asked to wear headscarf

TEHERAN: Prime Minister Mohammad Ali Rajai last week ordered women in government offices to cover their heads at work in a general tightening of Islamic discipline.

In a statement, he told women to wear the Islamic "Hejab", a headscarf pulled low over the forehead, ordered to stop all work at noon for half-an-hour for prayer, and banned political posters in Government offices, except for portraits of revolutionary leader Ayatollah Ruhollah Khomeini.—Reuter

Human rights in Islam: draft ready

JEDDAH: Legal experts met here at the headquarters of the Organisation of Islamic Conference to finalise draft of a document on human rights in Islam.

The document is to be submitted to the next conference of Foreign Ministers of Islamic states to be held in Baghdad in June next.

In an address read out on his behalf by a senior OIC official, Secretary-General Habib Chatti said the documents "is of urgent importance" to the Islamic world. —IINA

New Article in PCO

RAWALPINDI: An order amending the Provisional Constitution Order, 1981, issued by the President here inserts a new Article, 1A, to the Order, which provides a comprehensive definition of "Muslim and non-Muslim" in order to dispel all doubts created in a section of the public regarding the status of Qadianis after the promulgation of the Order on March 24.

The misunderstanding is unfounded as Article 260 of the Constitution has been retained in the Order.

Article 106, not retained in the Order, deals with the constitution of Provincial Assemblies and allocation of additional seats reserved for persons belonging to the Christian, Hindu, Sikh, Buddhist and Parsi communities and persons of Qadiani group or the Lahore group (who call themselves Ahmadies) and other non-Muslims and persons belonging to the Scheduled Castes.

Mirage for India

PARIS: India would be the first foreign customer for the French-built Mirage 2000 jet fighter and was expected to order 150 of them in the near future, Marcel Dassault, the aircraft's builder, said

Bangladesh rejects India's claim on new island

A spokesman for the Bangladesh Foreign Ministry said in Dacca that Bangladesh had never accepted India's unilateral claim on the new island in the Bay of Bengal, Dacca Radio reported.

The spokesman said the Indian Government had agreed in April 1979 to carry out a joint survey for a peaceful settlement of the issue.

The issue was discussed with the Indian Foreign Minister when he visited Bangladesh in August last year and an understanding had been reached in this regard that more information would be exchanged between the two countries and further discussions would be held to solve the problem.

According to a BBC report, Bangladesh has lodged a strong protest with India over Foreign Minister Narasimha Rao's statement last week implying that the new island belonged to India.

Thes pokesman said in Dacca that Bangladesh had provided sufficient details to prove that the island, namely by Bangladesh as Southern Talpatti, was clearly within the territorial limits of the country.

Rs 13.6 million as compensation

ISLAMABAD: The Government of Pakistan has decided to pay an amount of dollars 13,652,400 as compensation for the damage caused to the US mission in Islamabad in November 1979, reports APP.

Of the amount, 60 per cent will be paid in dollars and the remaining 40 per cent in rupees.

It will be recalled that in November 1979 some irresponsible elements had caused destruction to the US mission which resulted in considerable financial loss. The amount which is being paid to the USA as compensation due to the hooliganism by certain undesirable elements could have been utilized for the economic benefit of the people of Pakistan.

Journalist dies

KARACHI: Shaikh Abdur Rahim, a senior journalist, former member of DAWN editorial staff, and former editor of daily "Hilal-e-Pakistan" died here after a prolonged illness.

He was in his midfifties and has left behind a wife, three sons and two daughters.

Promoted Vice-Admiral

RAWALPINDI: Rear Admiral I. F. Quadir and Rear Admiral Ahmad Zamir have been promoted to the rank of Vice-Admiral, according to a Ministry of Defence announcement here.

Pakistan now second leading exporter of cotton

KARACHI: Pakistan shipped 16.57 lakh bales of cotton valued at 453 million dollars during the the first nine months of the current fiscal year and thus has become the second leading cotton exporter in the world.

This was stated by Mr. Nusrat Hasan, Chairman, Cotton Export Corporation (CEC), in an interview Reports APP.

The CEC chief said the target fixed for the whole year had been exceeded and cotton thus emerged as the largest foreign exchange earner for the country.

Mr. Nusrat Hasan said the CEC had achieved this remarkable feat in spite of recessionary year and lack of demand for cotton due to a slump in the textile industry in the world.

The major buyers were Chine, Japan, Bangladesh, and Hong Kong.

Mr Nusrat Hasan said the CEC was exporting cotton to about 40 countries and had tapped new markets, including South Korea, Sri Lanka, Malaysia, Portugal, the Philippines, Algeria, and the European countries.

He said the CEC had so far paid Rs 42 crore as export duty the the Government during the current financial year.

Thee Chairman said that in order to boost the export of cotton further, the CEC was opening a regional office for the Far East at Hong Kong. It would start functioning within this year.

Seminar on Arabic dictionary

RABAT: A week-long international training workshop, for the preparation of an Arabic dictionary for those whose mother tongue is not Arabic, opened here last week.

Mr. Abdel Aziz ben Abdallah, Director of Arab League Bureau for the Co-ordination of Arabization, supervised the training.

VISIT US
FOR
best quality
INDIAN GROCERIES, FRESH VEGETABLES, NUTS, SPICES ETC.
گروسری، تازہ سبزیاں اور مصالحہ جات
نہایت ہی سستے داموں پر خریدنے کیلئے
ہمارے ہاں تشریف لائیں
Pirri's Dixieland Market Limited
FRESH FRUITS — VEGETABLES — FLOWERS
Retail: 1108 Pharmacy Ave. (at Lawrence) Scarborough,
Phone: 759-8473
Wholesale: 1052 Birchmount Rd. (1 block N. of Eglinton Ave.), Scarborough, Phone: 759-5214